**06.07.2024**
**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین
**Music**

..............................................................................

☆ پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس اِس مہینے کی 22 تاریخ سے شروع ہوگا۔ مرکزی بجٹ اگلے روز ہی پیش کیا جائے گا۔
☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، اڈیشہ کے چار روزہ دورے پر بھونیشور پہنچیں۔ وہ کل پوری میں دنیا بھر میں مشہور رتھ یاترا کا مشاہدہ کریں گی۔
☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے برطانیہ کے نئے وزیر اعظم Keir Stamer سے فون پر بات کی۔ وزیر اعظم نے ایران کے صدر منتخب ہونے پر مسعود Pezeshkain کو بھی مبارکباد دی۔
☆ بیڈمنٹن میں کناڈا اوپن میں مردوں کے سنگلز کے سیمی فائنل میں آج رات پریانشو رجاوَت کا مقابلہ فرانس کے کھلاڑی Alex Lanier سے ہوگا۔
☆ اور...... کرکٹ میں ہرارے کے مقام پر زمباوے نے پانچ ٹی ٹوئنٹی میچوں کی سیریز کے پہلے میچ میں بھارت کو 13 رن سے ہرایا۔

..............................................................................

**(Music)**
اب خبریں تفصیل سے

### Parliament Budget Session

پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس اس ماہ کی 22 تاریخ سے شروع ہوگا۔ پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں بتایا کہ یہ اجلاس 12 اگست تک جاری رہے گا۔انھوں نے کہا کہ 2024-25 کا مرکزی بجٹ 23 جولائی کو لوک سبھا میں پیش کیا جائے گا۔ وزیر موصوف نے بتایا کہ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے بھارتی حکومت کی سفارش پر بجٹ اجلاس کیلئے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کوسمن بھیجنے کی تجویز کو منظوری دی ہے۔x

### Prez Odisha2

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اوڈیشہ کے چار روزہ دورے پر آج شام بھونیشور پہنچیں۔ بیجو پٹنائک بین الاقوامی

ہوائی اڈے پر اڈیشہ کے گورنر رگھوبر داس، وزیر اعلیٰ موہن چرن ماجھی اور دیگر معززین نے ہوائی اڈے پر اُن کا استقبال کیا۔ صدر جمہوریہ محترمہ مرمو، بھگوان جگن ناتھ، بھگوان بال بھدر، دیوی سوبھدرا اور بھگوان سدرشن کی دنیا بھر میں مشہور رَتھ یاترا کو دیکھنے کے لیے اپنے آبائی ریاست کا دورہ کررہی ہیں جو پُری کے مقدس ساحلی شہر میں کل منعقد ہوگی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے............

## VC- Prakash Dash

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، آبائی ریاست اڈیشہ کے چار روزہ دورے پر بھارتی فضائیہ کے ایک خصوصی طیارے سے آج شام بھونیشور پہنچیں۔ ہوائی اڈے پر ریاست کے گورنر رگھوبر داس اور وزیر اعلیٰ موہن چرن ماجھی نے صدر جمہوریہ کا خیرمقدم کیا۔ ہوائی اڈے سے وہ اُتکل امانی پنڈت Gopabandhu Das کی 96 ویں برسی میں شرکت کیلئے روانہ ہوگئیں۔ محترمہ مرمو آج رات راج بھون میں قیام کریں گی اور کل صبح پوری کیلئے روانہ ہوجائیں گی جہاں وہ بھگوان جگن ناتھ، بھگوان بال بھدر، دیوی سوبھدرا اور بھگوان سدرشن کی دنیا بھر میں مشہور رَتھ یاترا کا نظارہ کریں گی۔ رتھ یاترا اور صدر جمہوریہ کے دورے کو پیش نظر رکھتے ہوئے مقدس شہر پوری میں سکیورٹی کے وسیع انتظامات کئے گئے ہیں۔محترمہ مرمو، پوری میں رات گزاریں گی اور پیر کی صبح پوری کے سمندری ساحل پر جائیں گی۔ محترمہ مرمو کا بھونیشور میں تاریخی Udayagiri اور Khandagiri گپھاؤں کا دورہ کرنے کا بھی پروگرام ہے۔ محترمہ مرمو پیر کے روز آرٹ اینڈ کرافٹ کے Bibhuti قانون گو کالج کے طلبہ کے ساتھ بات چیت کریں گی۔ اِسی دن وہ اُتکل یونیورسٹی آف کلچر کے طلباء کے ساتھ بھی بات چیت کریں گی۔ اس کے بعد وہ بھونیشور کے نزدیک ہریدا مادا گاؤں میں برہما کماریوں کے Divine Retreat Centre کا بھی افتتاح کریں گی اور اُسی روز Lifestyle for Sustainability یعنی پائیداریت کے لیے طرز زندگی کا آغاز کریں گی۔صدر جمہوریہ دلی واپس آنے سے پہلے منگل کے روز بھونیشور میں نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف سائنس ایجوکیشن اینڈ ریسرچ کی تیرہویں گریجویشن تقریب میں بھی شرکت کریں گی۔

بھونیشور سے پرکاش داس کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں اصغرعلی

## PM UK PM Starmer

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج برطانیہ کے وزیر اعظم KEIR STARMER سے بات کی اور وزیر اعظم منتخب ہونے پر مبارکباد دی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ دونوں فریق جامع اسٹرٹیجک شراکت داری استحکام، لوگوں کی ترقی وخوشحالی کیلئے بھارت و برطانیہ کے درمیان مضبوط اقتصادی رشتے اور عالمی بہتری کیلئے پر عزم ہیں۔x

## PM Iran Prez Pezesukian

وزیر اعظم نریندر مودی نے مسعود Pezeshkian کو اسلامی جمہوریۂ ایران کا صدر منتخب ہونے پر مبارکباد

دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ وہ بھارت و ایران اور اس خطے کے لوگوں کے مفاد کیلئے جناب Pezeshkian کے ساتھ ملکر کام کرنے اور دو طرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے متمنی ہیں۔x

## Telangana TG

تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ اے Revanth ریڈی اور آندھرا پردیش کے وزیر اعلیٰ این چندرا بابو نائیڈو کے درمیان حیدرآباد کے مہاتما Jyothiba Phule Praja بھون میں زیر التوا معاملات کو حل کرنے کیلئے میٹنگ جاری ہے۔ آندھرا پردیش ریاست کی تنظیمِ نو ایکٹ 2014 کے تحت زیر التوا مسائل کو حل کرنے کیلئے، دونوں وزراء اعلیٰ کی میٹنگ اہمیت کی حامل ہے۔تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ اے Revanth ریڈی کے ہمراہ نائب وزیر اعلیٰ Mallu Bhatti Vikarmarka اور چند وزراء بھی اِس میٹنگ میں شرکت کر رہے ہیں۔ آندھرا پردیش کے چند وزراء بھی میٹنگ میں شامل ہیں۔ اِس کے علاوہ تلنگانہ کی چیف سکریٹری شانتی کماری اور آندھرا پردیش کے ان کے ہم منصب Neerab کمار سمیت دونوں ریاستوں کے کئی سینئر وزراء بھی میٹنگ میں شامل ہیں۔ آج کی میٹنگ میں اثاثوں کی تقسیم، سرکاری ادارے، بجلی بل کے بقایا جات، باقی بچے ہوئے ملازمین کا اُن کے آبائی ریاستوں میں ٹرانسفر جیسے کئی مسائل زیر بحث آنے کا امکان ہے۔ عہدیداروں کے مطابق غیر منقسم ریاستوں کے مختلف سرکاری اداروں اور کارپوریشنوں کی تقسیم، جو ریاست کی تنظیمِ نو ایکٹ کے شیڈول 9 اور 10 میں درج ہے، مکمل نہیں ہوسکی ہے کیونکہ کئی معاملات پر دونوں ریاستوں کے درمیان اتفاقِ رائے نہیں ہوا تھا۔ اِس میٹنگ کے دوران دریائے گوداوری اور کرشنا کے پانی کی تقسیم کا معاملہ بھی زیر بحث آسکتا ہے۔ x

## Laddakh ARY Mela

لداخ میں کرگل وجے دِوَس کے موقع پر منعقد ہونے والے پروگراموں کی سیریز کے تحت آج لیہہ میں ''اپنی فوج کو جانئے'' موضوع پر دو روزہ ترغیبی پروگرام شروع ہوا۔ وجے دوس 1999 کی کرگل جنگ میں پاکستان پر جیت کی یاد میں ہر سال 26 جولائی کو منایا جاتا ہے۔ اس سال کرگل وجے دوس کی یہ 25ویں سالگرہ یا رجت جینتی ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر ڈاکٹر بی ڈی مشرا نے لیہہ میں سونم Wangchuk ایم وی سی اسٹیڈیم میں میلے کا افتتاح کیا۔ اپنے افتتاحی خطاب میں ڈاکٹر مشرا نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ اپنے ملک کی خدمت کیلئے اگنی ویر اسکیم میں شامل ہوں۔ انھوں نے 14 کور کے جنرل آفیسر کمانڈنگ کا بھی شکریہ ادا کیا کہ انھوں نے اِس طرح کی تقریبات کے ذریعے عوام اور فوج کے درمیان، تعلقات کو فروغ دینے کیلئے تقریبات کا انعقاد کیا ہے۔ یہ پروگرام مقامی نوجوانوں کو فوج میں شامل ہونے کی تحریک دینے نیز مقامی آبادی کو بھارتی فوج کے جدید ہتھیاروں، ٹیکنالوجی، حکمت عملی اور جنگی صلاحیتوں سے واقف کرانے کیلئے منعقد کیا جارہا ہے۔ افتتاحی تقریب کے دوران، فوج کے جوانوں نے فنی مہارت، نمائش اور دفاعی مشقوں کا مظاہرہ کیا۔x

**Jaishankar UK FS**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج برطانیہ کے وزیر خارجہ ڈیوڈ LAMMY سے بات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ دونوں جانب سے جامع اسٹریٹیجک شراکت داری میں وسعت کے عزم کا اعادہ کیا۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ وہ جناب LAMMY سے بالمشافہ ملاقات کے متمنی ہیں۔x

**Health Ministry NEET**

وزارت صحت نے وضاحت کی ہے کہ NEET-UG Counselling کے ملتوی کیے جانے کی خبر درست نہیں ہے کیونکہ کاؤنسلنگ کی تاریخ کا ابھی تک اعلان نہیں کیا گیا ہے۔ NEET-UG کاؤنسلنگ کے ملتوی کیے جانے کے بارے میں میڈیا کی خبروں کے تناظر میں یہ وضاحت سامنے آئی ہے۔x

**Rev. J&K Encounter**

کشمیر وادی میں کلگام ضلعے کے موڈرگام گاؤں اور Frisal Chinnigam علاقے میں سکیورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان تصادم جاری ہے۔ پولیس کے مطابق اِن علاقوں میں دہشت گردوں کی موجودگی کے بارے میں خصوصی اطلاع ملنے پر سکیورٹی فورسز کی ایک مشترکہ ٹیم نے محاصرہ اور تلاش کی کارروائی شروع کی۔ سکیورٹی فورسز کی مشترکہ ٹیم جیسے ہی مشتبہ مقام پر پہنچی، دہشت گردوں نے اُن پر فائرنگ شروع کر دی۔ جواب میں سکیورٹی فورسز نے بھی فائرنگ کی، جس کے بعد جھڑپ شروع ہوگئی۔ آخری خبریں ملنے تک دونوں مقامات پر سکیورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان گولی باری جاری ہے۔ مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔ x

**Hathras Stempede**

ہاتھرس میں ست سنگ کے بعد ہونے والے بھگدڑ کے، جس میں 121 جانیں تلف ہوئی تھیں، تین اور ملزموں کو پولیس نے گرفتار کرلیا ہے، جس میں اس حادثے کا اہم ملزم بھی شامل ہے۔ ہاتھرس پولیس نے آج دلّی سے گرفتار کئے گئے اصل ملزم دیوپارکاش مدھوکر کو طبی جانچ کے بعد عدالت میں پیش کیا، جسے 14 دنوں کی عدالتی حراست میں بھیج دیا گیا۔ اس سلسلے میں 6 ملزموں کو پہلے ہی گرفتار کیا جاچکا ہے۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے ہاتھرس کے پولیس سپرنٹنڈینٹ NIPUN اگروال نے کہا کہ اصل ملزم دیو پرکاش مدھوکر ہاتھرس پولیس کی اسپیشل آپریشن گروپ نے جمعہ کی شام دلّی کے نجف گڑھ سے گرفتار کیا۔ انھوں نے کہا کہ دو اور ملزمین رام پرکاش Shakya اور سنجو یادو کو سکندرا راؤ کی پولیس نے آج گرفتار کیا۔ پولیس سپرنٹنڈینٹ نے بتایا کہ اصل ملزم ابتدائی پوچھ تاچھ سے یہ انکشاف ہوا ہے کہ وہ گذشتہ کئی برسوں سے اِس تنظیم سے جڑا ہوا تھا اور انتظام وانصرام اور فنڈ اکٹھا کرنے کا ذمے دار تھا۔

ہاتھرس کے ایس پی نے بتایا کہ دیو پرکاش 2010 سے ایٹہ میں منریگا کے جونیئر انجینئر کے عہدے پر فائز تھا۔ اس میں یہ بھی انکشاف ہوا ہے کہ دیو پرکاش کی ہدایت پر کام کرنے والی منتظمہ کمیٹی اور سیوادار ست سنگ کے دوران داخلے، اخراج، Barricading اور پارکنگ کیلئے ذمے دار تھے۔x

## Demat Registration

جیسا کہ بھارتی شیئر بازار روز نئی بلندیوں کو چھو رہا ہے، جون 2024 میں 42 لاکھ سے بھی زیادہ نئے Demat اکاؤنٹ کھولے گئے ہیں، سینٹرل Depository سروس CDS اور National Depository سروس کے اعداد وشمار کے مطابق فروری 2024 کے بعد Demat اکاؤنٹ کھولے جانے کی یہ سب سے بڑی تعداد ہے۔ ایک ماہ قبل یہ 36 لاکھ جبکہ ایک سال قبل یہ تعداد 23 لاکھ 60 ہزار تھی۔ اس وقت Demat اکاؤنٹ کی کُل تعداد 16 کروڑ ہے۔ اب تک چوتھی دفعہ ایسا ہوا ہے کہ ایک ہی مہینے میں Demat اکاؤنٹ کھولے جانے کی تعداد 40 لاکھ سے تجاوز کرگئی ہے۔ اس سے پہلے دسمبر 2023 اور جنوری اور فروری 2024 میں ایسا ہوا تھا۔x

## China Tornado

چین میں Shandong صوبے کے Heze شہر میں آئے شدید طوفان کے نتیجے میں 5 افراد ہلاک اور 88 دیگر زخمی ہوگئے ہیں۔ مقامی حکام نے بتایا کہ طوفان سے Dongming اور Juancheng کاؤنٹیز متاثر ہوئی ہیں اور 2 ہزار 820 مکانات، 4 ہزار 60 ہیکٹئر پر پھیلی فصلوں اور 48 بجلی لائنوں کو نقصان پہنچا ہے۔
حکام نے بتایا کہ نقصانات کے مجموعی جائزے کیلئے ایک ٹاسک فورس تعینات کی گئی ہے اور سب سے پہلے سڑکوں اور آمدروفت کو بحال کیا گیا ہے۔x

## IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے اگلے پانچ روز کے دوران ملک کے شمال مغربی، وسطی، مشرقی اور شمال مشرقی علاقوں میں ہلکی سے اوسط بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات محکمے نے کہا ہے کہ اتراکھنڈ، پنجاب، اترپردیش، مشرقی راجستھان، مدھیہ پردیش، مغربی بنگال، سکّم اور بہار میں آئندہ 9 تاریخ تک شدید بارش کا امکان ہے۔ IMD نے پنجاب اور مغربی مدھیہ پردیش کے علاقوں میں کل شدید بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ x

## Priyanshu Canada Open

بھارتی بیڈمنٹن کھلاڑی Priyanshu Rajawat کناڈا اوپن کے کوارٹر فائنل میں چوتھے درجے کے عالمی کھلاڑی Anders Antonsen کو شکست دے کر سیمی فائنل مقابلے تک پہنچ گئے ہیں۔ کل رات ایک گھنٹہ 19 منٹ تک چلے کوارٹر فائنل مقابلے میں راجاوت نے Antonsen کو اکیس-گیارہ، سترہ-اکیس، اکیس-اُنیس سے شکست دی۔ 10 سرکردہ کھلاڑیوں میں سے ایک پر یہ ان کی پہلی جیت تھی۔ اپنے دوسرے World Tour Super 500 سیمی فائنل مقابلے میں اب ان کا مقابلہ فرانس کے Alex Lanier سے ہوگا۔x

## Result Ind Zimba

کرکٹ میں ہرارے کے مقام پر پانچ ٹی ٹوئنٹی میچوں کی سیریز کے پہلے میچ میں زمباوے نے بھارت کو 13

رن سے ہرا دیا۔ بھارت نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ لیگ اسپنر روی بشنوئی کی قیادت میں بھارتی گیند بازوں نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا اور زمباوے کو 9 وکٹ پر 115 رن کے اسکور پر ہی روک دیا۔ بشنوئی نے 13 رن دے کر 4 وکٹ حاصل کئے۔ واشنگٹن سُندر نے 11 رن دے کر 2 وکٹ لئے۔

زمباوے کی طرف سے Tendai Chatara اور سکندر رضا نے تین تین وکٹ حاصل کئے۔ زمباوے کو ایک صفر کی سبقت حاصل ہے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆